| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 1 |
| اُستاد کا نام:_______ | ہفتہ: 4 | تاریخ:_______ | وقت: 40منٹ |

| | |
|---|---|
| باب سوم: ریاست اور حکومت (State and Government) | سبق کا نام: حکومت کے اجزا (Organs of Government) |

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- جمہوریت کے تصور کو بطور مقبول ترین نظام حکومت بیان کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- پاکستان میں حکومت کے کتنے ستون ہیں؟
- انتظامیہ کیا کام کرتی ہے؟

ان کے جوابات سن کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ طلبہ سے ایک اچھے راہنما کی خصوصیات پوچھیں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25منٹ

- طلبہ کو 38 تا 39 متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں جمہوریت دنیا بھر میں مقبول ترین نظام حکومت ہے۔ یہ دراصل عوام کی حکومت ہوتی ہے اور عوام کے ووٹ سے منتخب ہوتی ہے۔
- ابراہم لنکن کے مطابق جمہوریت کا مطلب ہے عوام کی حکومت عوام کے ذریعے اور عوام کے لیے۔
- راہنما کی خصوصیات کے حوالے سے طلبہ سے سرگرمی کروائیں۔
- سرگرمی کے لئے طلبہ کو جوڑیوں میں تقسیم کریں۔ ان سے اچھے راہنما کی خصوصیات پر بات چیت کرتے ہوئے ان خصوصیات پر مبنی ایک فہرست بنوائیں۔
- طلبہ عام انتخابات کے بارے میں بتائیں۔ یہ ایسا انتخابی عمل ہے جس کے ذریعے کسی بھی ملک کی جمہوری حکومت منتخب کرنے کے لیے پورے ملک میں انتخابات کروائے جاتے ہیں۔

- انھیں بتائیں کہ قومی اور صوبائی اسمبلی کے اراکین عام انتخابات کے ذریعے سے منتخب ہوتے ہیں۔ عام انتخابات (General Elections) ایک ایسا عمل ہے جس میں عوام اپنے ووٹ کا حق استعمال کرتے ہوئے نمائندے منتخب کرتی ہے۔ منتخب شدہ ارکان بعد ازاں اپنی ذمے داریاں سنبھالتے ہوئے ملک و قوم کی خدمت کرتے ہیں۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے تصور کو مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

متن کے حوالے سے طلبہ سے سوالات کے جوابات پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

| دوسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام:________ | ہفتہ:4 | تاریخ:________ | وقت:40منٹ |

| باب سوم: ریاست اور حکومت (State and Government) | سبق کا نام: حکومت کے اجزا (Organs of Government) |
|---|---|

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- رہنما کی تعریف کر سکیں اور اس کی خصوصیات بتا سکیں۔
- سیاسی جماعتوں کا ڈھانچا اور افعال بیان کر سکیں نیز یہ کس طرح اپنے منشور کو مد نظر رکھتے ہوئے انتخابات میں حصہ لیتی ہیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: 5منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- عام انتخابات کیوں کرائے جاتے ہیں؟

ان کے جوابات سن کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ طلبہ کو بتائیں کہ ہمارے ملک پر مختلف ادوار میں مختلف سیاسی گروہ جو مختلف جماعتوں سے تعلق رکھتے تھے، انھوں نے حکمرانی کی۔ طلبہ سے ان حکمرانوں کے بارے میں بات چیت کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 39 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ پاکستان پر حکمرانی کرنے والے طبقات کا تعلق مختلف سیاسی جماعتوں سے رہا ہے۔ طلبہ کو بتائیں کہ سیاسی جماعتیں کیا ہوتی ہیں۔ بتائیں سیاسی جماعت سیاسی گروہ بندی کا نام ہے جو کسی بھی خطے یا حکومت میں سیاسی طاقت کے حصول کے لیے تشکیل دی جاتی ہے۔
- طلبہ کو سیاسی جماعتوں کے افعال بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ سیاسی جماعتیں اپنے ارکان کو انتخابات کے لئے نامزد کرتی ہیں۔
- طلبہ کو عام انتخابات اور ووٹ ڈالنے کے عمل کے بارے میں بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ راہنما کون ہوتا ہے؟ اور جمہوری نظام میں راہنما کا کیا کردار ہوتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ایک راہنما کسی سیاسی جماعت کا مرکزی کردار ہوتا ہے۔

- طلبہ کو ایک راہنما کی خصوصیات سے آگاہ کریں اور تختہ تحریر پر ایک فہرست بنائیں۔

| اعادہ | 3منٹ |
|---|---|

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کرائیں۔

| جائزہ: | 5منٹ |
|---|---|

طلبہ سے پوچھیں:


- ♦ راہنما کون ہوتا ہے؟
- ♦ ایک اچھے راہنما کی کیا خصوصیات ہوتی ہیں؟
- ♦ سیاسی جماعتیں کیا ہوتی ہیں؟

| گھر کا کام: | 2منٹ |
|---|---|

ورک شیٹ حل کریں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال 1: وفاقی حکومت کے ڈھانچے کا فلو چارٹ مکمل کریں۔



| سبقی منصوبہ بندی 3 | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: چہارم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 4 | اُستاد کا نام: ________ |

| سبق کا نام: انسانی تہذیب کا آغاز (Beginning of Human Civilization) | باب چہارم: تاریخ (History) |
|---|---|

## مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- تاریخ (History) کی تعریف کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- آج سے ہزاروں سال پہلے انسان کیسی زندگی گزارتے تھے؟

طلبہ سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ انھیں بتائیں آج کے سبق میں تاریخ کے بارے میں جانیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو تاریخ کی تعریف بتائیں۔ اس سے مراد وہ منظّم علم ہے جو ماضی کے حالات و واقعات کا سلسلہ وار، تصدیق شدہ ریکارڈ پیش کرتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں تاریخ ماضی کی قوموں کے حالات و واقعات کے نتائج اور ان کے اثرات کا جائزہ لیتی ہے۔
- انھیں بتائیں تاریخی واقعات سے سبق حاصل کر کے مستقبل کے لیے ایک فکر تحقیق کی جاسکتی ہے۔
- طلبہ کو بتائیں تاریخ دراصل واقعہ کی مدت ابتداء معین کرتی ہے۔ اگر انسانی زندگی کی تاریخ کا مطالعہ کیا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ سب سے پہلے انسان معاشروں، گروہوں، قبیلوں اور خاندانوں میں تقسیم تھے۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ انسان نے ترقی کی اور زندگی کو سہل اور مضبوط بنایا۔

## اعادہ 3 منٹ

پڑھائے گئے سبق کا تصور مختصراً دہرائیں۔

## جائزہ: 5 منٹ

متن کے حوالے سے سبق کی دہرائی کرائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔